TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

**B**

**SL. No : Q**

**CCE RR**
**UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 46 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8

Total No. of Questions : 46 ] [ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2018 ] [ Date : 28. 06. 2018

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-00 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-00 Noon

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 80 ] [ Max. Marks : 80

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 46 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 10 × 1 = 10

1. شفیع الامم سے مراد کون ہیں ؟

2. لسانی تقسیم سے پہلے کلبرگی کس ریاست کا ضلع رہا ؟

3. چاند نے آفتاب کسے قرار دیا ہے ؟

4. ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟

5. غزل کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

6. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر کیا تھی ؟

7. عالمِ دوست مُلا نصیرالدین کے عِلم کو کیوں آزمانا چاہتا تھا ؟

8. پروفیسر راہیؔ سے مصنف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

9. کسان اپنا رشتہ کب تک نبھاتا ہے ؟

10. وہ کیا وجہ ہے جس سے شاعر خود اپنا نہ ہوسکا ؟

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 10 × 2 = 20

11. معراج کو مولانا ابوالبیان حمّاؔد نے نعتِ شریف میں کیسے استعمال کیا ہے ؟

12. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟

13. قدیم زمانے میں سائنس کی کونسی شاخیں تھیں ؟

14. شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟

15. ''نانواشیاء'' کی مدد سے کس قسم کے کپڑے بنانا ممکن ہے اور کیوں ؟

16. نظم ''دوہے'' میں ساغر کرناٹکی نے جانور اور آدمی میں کیا فرق بتایا ہے ؟

17. مولانا محمد علی جوہر کے والدین کے نام لکھیے ؟

18. صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

19. کسان اپنے آپ کو چڑھتا سورج کیوں کہہ رہا ہے ؟

20. کن لوگوں کو جیتے جی جان سے گذرنا نہ آیا ؟

ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھیے : 5 × 3 = 15

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجیے :

21. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

22. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے، سوائے کردار کے۔''

ان اشعار کی تشریح کیجیے :

23. رہا تُو تو اکثر الم ناک میر

ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

24. یاروں کی محبت کا یقیں کرلیا میں نے

پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

درج ذیل میں سے کسی **ایک** کا مختصر تعارف لکھیے:

25. (i) خلیل منظری (ii) علامہ اقبال

مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

26. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

فنِ طب اور جراحی میں ''نانو ذرّات'' کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے ؟

27. نظم ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 12 × 1 = 12

28. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی مطلب نکلتا ہو کیا کہلاتا ہے ؟

A) جملہ B) حروف

C) لفظ D) محاورہ

29. رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

A) دو B) پانچ

C) چار D) تین

30. وہ حروف جو سبب کو ظاہر کرتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں ؟

A) حروف علت B) حروفِ وصل

C) حروفِ تردید D) حروفِ استدراک

31. لفظ ''موت'' کی ضد یہ ہے۔

A) رات B) حیات

C) قدیم D) زمین

32. محاورہ ''دل بجھ جانا'' کا مطلب ہے۔

A) مشق کرنا
B) غصہ ہونا
C) مایوس ہونا
D) خوش ہونا

33. ان میں سے واحد لفظ ہے۔

A) دفاتر
B) جزائر
C) مراکز
D) منظر

34. مضمون کا پہلا حصہ کیا کہلاتا ہے ؟

A) نفسِ مضمون
B) اختتام
C) انتہا
D) تمہید

35. غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔

A) خاکِ وطن اور خونِ شہیداں
B) کسان
C) پیغامِ یکجہتی
D) چانداور شاعر

36. لفظ ''خاطر تواضع'' کے معنی ہیں۔

A) نوکری
B) مہمان نوازی
C) عزت والے
D) غیر معمولی

37. اِن میں سے مفرد لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) طول وعرض
B) گل کاری
C) سیّاح
D) کتب خانہ

38. اِن میں سے لاحقہ لفظ یہ ہے۔

A) بے حد B) باذوق

C) نوعمر D) اُردو دان

39. مرکب جملے کی نشاندہی کیجئے۔

A) فیضان اچھا لڑکا ہے۔ B) فردوس گا رہی ہے۔

C) مدثر لکھ رہا ہے۔ D) ریحان کھیل رہا تھا اور ایان پڑھ رہا تھا۔

## PART-C/ حصّہ - ج

40. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

(i Cow is a domestic animal

(ii It gives us milk

(iii Milk is good for children's health

41. اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنے امتحان کی تیاری کے بارے میں معلومات کرائیے۔ 1 × 4 = 4

یا

اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھ کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔

42. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) یومِ آزادی

(ii) تعلیم کی اہمیت

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

ڈاکٹر بی-آر-امبیڈکر کا شمار تاریخِ ہند کی نامور قومی شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ آپ آئین ہند کے معمار تسلیم کئے جاتے ہیں۔ پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبودی کے لئے جتنی محنت آپ نے کی ہے شاید ہی کسی اور نے کی ہو۔ آپ کا جنم 14 اپریل 1891ء کو ہوا۔ آپ کے والدین کا نام رام جی اور بھیما بائی تھا۔ والدین نے آپ کا نام بھیم راؤ رکھا مگر آپ باباصاحب امبیڈکر کے نام سے زیادہ مشہور رہوئے۔

سوالات :

43. آئینِ ہند کے معمار کسے تسلیم کیا جاتا ہے ؟

44. ڈاکٹر امبیڈکر کا جنم کب ہوا ؟

45. ڈاکٹر امبیڈکر کے والدین کا نام لکھئے۔

46. والدین نے آپ کا نام کیا رکھا ؟